aglasem.com

FOR PUNJAB CLASS 10 PREPARATION

PSEB 10th Sample Paper 2027 URDU Elective

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Punjab Class 10	2027	Sample Paper	Urdu

Class X

Model Question Paper 2026-27

Subject : Urdu Elective

نمونے کا پرچہ سوالات

پرچہ :اردو(اختیاری)

جماعت دسویں

کل نمبر:80 وقت: 3 گھنٹے

I۔ کسی پانچ سوالات کے جواب تحریر کریں۔ (5x2=10)

1۔ ناڈ کرنی کون تھے اور انہوں نے دادا صاحب کی کس طرح مدد کی؟

2۔ مچھیرے نے مچھلی کا کیا انعام مانگا؟

3۔ خداترس آدمی نے کنواں کیوں خریدا؟

4۔ اجنبی نے کیسے کپڑے پہن رکھے تھے؟

5۔ پرانے زمانے کی تین بڑی یونیورسٹیوں کے نام لکھئے۔

6۔ شارک کے چمڑے سے کون کون سی چیزیں بنائی جاتی ہیں؟

7۔ گورونانک جی نے سوئی دیتے ہوئے کیا کہا تھا؟

II۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی تین اشعار کا مطلب لکھئے۔ (3x2=6)

1۔ کرتی نہیں کچھ کام اگر عقل تمہاری ہم تم کو بتاتے ہیں سنو بات ہماری

2۔ کیوں باغ میں آتی ہے بتلاؤ تو جانیں کیا لینے کو آتی ہے سمجھاؤ تو جانیں

3۔ سبزے سے ہے کچھ کام مطلب ہے صبا سے یا پیار ہے گلشن کے پرندوں کی صدا سے

4۔ یہ کیسا کھیل ہے اے چشمِ پرفن اُدھر کیوں ہوگئی دنیا ادھر کی

5۔ بہت کیوں ہو نہ رسوائی ہماری یہی تو ہے کمائی عمر بھر کی

III۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے معانی لکھئے۔ (5)

عہد، احباب، دوگھڑی، قلم بند کرنا، غفلت، خاتون، مرید، نذرانہ

IV۔ دیئے گئے الفاظ میں سے صحیح لفظ تلاش کر کے خالی جگہ بھریئے۔ (5)

الفاظ : دلچسپ، مشغلہ، یاد، عادت، تکان

1۔ دوستوں کی دلچسپ باتیں اسے..... آرہی تھیں۔

2۔ ڈائری لکھنا ایک دل چسپ ..... ہے۔

3۔ اس طرح تمہیں لکھنے کی ..... اور مشق ہو جائے گی۔

4۔ ..... کی وجہ سے دیر تک سوتا رہا۔

5۔ ڈائری لکھنا تو واقعی ..... اور اہم کام ہے۔

V۔ دیئے گئے الفاظ کی جمع لکھئے: (5)

طریقہ، تعلیم، تدبیر، ملک، وقت

VI۔ دیئے گئے الفاظ کے متضاد الفاظ لکھئے: (5)

مزیدار، کنجوس، نقصان، نیک، خرید

VII۔ کسی پانچ الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ (5x2=10)

ٹھان لینا، عقل ماری جانا، موسم، عادت، شہرت، لیاقت، عش عش کرنا

VIII۔ اپنی نصابی کتاب سے کوئی دو شعر لکھو جو پرچہ سوالات میں موجود نہ ہوں۔ (4)

IX۔ دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھئے۔ (10)

1۔ حامد کے ابا کیا لکھ رہے تھے؟

(A) کہانی (B) عرضی (C) ڈائری (D) مضمون

2۔ راستے میں اسے ایک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نظر آئی۔

(A) کٹیا (B) جھونپڑی (C) پگڈنڈی (D) بوڑھی

3۔ آخر میں مچھیرے کو کیا انعام دیا گیا؟

(A) دینار (B) روپے (C) ریال (D) اشرفیاں

4۔ گلبدن بیگم کون تھی؟

(A) اکبر کی بیٹی (B) بابر کی بیٹی (C) جہانگیر کی بیٹی (D) ہمایوں کی بیٹی

5۔ بابا فرید کو نذرانہ کے طور پر چار گاؤں کس نے دیے؟

(A) شاہ جہاں (B) اکبر (C) سلطان بلبن (D) ابراہیم لودھی

6۔ لفظ "سدا" کے کیا معنی ہیں۔

(A) مانگنا (B) آواز (C) ہمیشہ (D) صدمہ

7۔ "شہد کی مکھی" نظم کس نے لکھی؟

(A) اقبال (B) غالب (C) میر تقی میر (D) میر انیس

8۔ مامون الرشید کس شہر کے خلیفہ تھے۔

(A) مصر (B) عراق (C) بغداد (D) کابل

9۔ قرۃالعین حیدر اپنے بھائی سے کتنے سال چھوٹی تھی؟

(A) آٹھ سال (B) نو سال (C) دس سال (D) گیارہ سال

10۔ "غریب" کا متضاد لفظ کیا ہے؟

(A) کنجوس (B) دولت مند (C) امیر (D) فقیر

X۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام بیماری کی وجہ سے دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھئے۔

(یا)

اسکول کے پرنسپل کے نام اسکول میں دوبارہ داخلے کیلئے درخواست لکھئے۔ (10)

XI۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 200 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے۔ (10)

میرا دوست

عید کا تہوار

کھیلوں کے فائدے

صبح کی سیر